جناب حافظ محمد اسلم شاہدروی

۱۔ تبلیغی و اصلاحی جلسہ

گذشتہ بدھ کو موضع نکہ (خلاص پور تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم) میں ایک تبلیغی و اصلاحی جلسہ مدیر الجامعہ جناب حافظ عبدالحمید عامر کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ تلاوتِ کلام پاک کے بعد صدرِ مجلس نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔ ازاں بعد راقم حافظ محمد اسلم شاہدروی نے ”ان [illegible]“ کے عنوان کے تحت مفصل بیان کیا۔ یہ پروگرام حافظ عبدالحمید صاحب کی دعائے خیر پر اختتام پذیر ہوا۔ اس پروگرام کے محرک محمد رمضان صاحب تھے، جن کی آپ بیتی حرمین کے گذشتہ شمارہ میں شائع ہو چکی ہے اور جملہ انتظامات راجہ افضال مہدی صاحب اے ۔ ایس ۔ آئی (پنجاب پولیس) نے انجام دیئے۔ یہ پروگرام اس لحاظ سے بھی اہمیت کا حامل تھا کہ جہلم شہر سے تقریباً چالیس کلومیٹر دور اس دوردراز علاقہ میں کوئی اہل حدیث مسجد نہ ہے۔

یہ پروگرام بھی بریلوی مسجد میں کیا گیا۔ سفر بھی قدرے دشوار تھا، لیکن بحمد اللہ تعالیٰ دینِ حق کی اشاعت کے جذبہ کے تحت بخیرو خوبی اختتام پذیر ہوا۔ رات گئے تک (رات تین بجے تک) سوال و جواب کی نشست جاری رہی۔

۲۔ دعوتِ اہلحدیث کانفرنس

گذشتہ جمعرات کو مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہلحدیث جہلم میں دعوتِ اہلحدیث کانفرنس رئیس الجامعہ حضرت علامہ محمد مدنی ایم ۔ اے نائب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی زیرِ صدارت منعقد ہوئی۔ قاری حبیب الرحمٰن کی تلاوتِ کلامِ پاک کے بعد شاعرِ اسلام جناب مولانا نذیر احمد سبحانی نے ایک نظم پیش کی۔ مقامی مقرر حافظ حبیب الرحمٰن کے خطاب کے بعد واعظِ دلنشین جناب قاری عبدالرحیم کلیم آف ڈی جی خان نے تقریباً سوا گھنٹہ خطاب فرمایا۔ ازاں بعد شاعرِ اسلام جناب نذیر احمد سبحانی نے تین نظمیں پیش کیں، جن میں سے دو ان کے تازہ کلام سے تھیں۔ حاضرینِ مجلس خوب مستفید اور محظوظ ہوئے۔ صدرِ مجلس کے صدارتی خطبہ کے بعد وکیلِ صحابہؓ حضرت مولانا قاری عبدالحفیظ فیصل آبادی ناظمِ تبلیغ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے دعوتِ اہل حدیث کے موضوع پر تقریباً ڈھائی گھنٹے مفصل بیان فرمایا۔ یہ پروگرام صدرِ مجلس کی دعائے خیر پر رات گئے اختتام پذیر ہوا۔ پروگرام کی حاضری مثالی تھی، ہر لحاظ سے پروگرام انتہائی کامیاب رہا۔ اس پروگرام کے منتظم مدیر

الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی تھے' جب کہ جامعہ اثریہ للبنات کے مدیر حافظ محمد عمران بی۔ اے نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔

۳۔ حفظِ قرآن کی نشست

گذشتہ دنوں جامعہ علوم اثریہ جہلم میں حفظِ قرآن کی نشست منعقد ہوئی۔ جامعہ علوم اثریہ جہلم میں قائم شعبہ تحفیظ القرآن سے اس سال تقریباً پچیس طلباء نے قرآنِ پاک کے حفظ کی تکمیل کی سعادت حاصل کی۔ اس مبارک موقع پر جامعہ اور اس کی شاخوں کے تمام طلباء و اساتذہ اور معززینِ شہر کی ایک بڑی تعداد نے اس نشست میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدرِ مجلس رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی ایم اے نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے حفاظ طلباء' طلباء کے والدین اور اساتذہ کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر مسلمان کا یہ فریضہ ہے کہ قرآنِ پاک خود پڑھے' اپنے بچوں کو پڑھائے اور اس پر عمل پیرا ہو۔ انہوں نے مروجہ قرآن خوانی کی حقیقت بتلائی اور اسے بدعت قرار دیتے ہوئے یہ واضح کیا کہ دینِ اسلام میں اس مروجہ قرآن خوانی کا ثبوت ہے نہ اجازت۔ قرآنِ پاک حفظ کرنے والے طلباء کو انہوں نے نصیحت کی کہ اس پر عمل کریں اور اس کی حفاظت کریں' کیونکہ قرآنِ پاک کو یاد کر کے بھلانا بڑا گناہ ہے۔ صدرِ مجلس کی دعائے خیر پر یہ نشست اختتام پذیر ہوئی۔ بعد میں تمام حاضرین کے اعزاز میں ایک مختصر سی ضیافت دی گئی۔ یہ بھی واضح رہے کہ یہ تعداد اس سال جامعہ کے اندر موجود شعبہ حفظ القرآن کے فاضلین کی ہے' اس کے علاوہ جامعہ کی مختلف شاخوں سے جن طلباء نے اس سال قرآنِ پاک کے حفظ کی تکمیل کی ہے' اگر ان کو بھی شامل کیا جائے' تو یہ تعداد چالیس سے متجاوز ہوگی۔

یااللہ این جامعہ قائم بدار
فیضِ او جاری بود لیل و نہار

محمدی کیسٹ ہاؤس کی اکسیری پیشکش زرق آئل 18۔ اردو بازار — لاہور
فون نمبر 7223046
اشتہارات کی کتابت وطباعت کا مرکز:۔ محمدی کیسٹ ہاؤس